# SITARA ENERGY LIMITED

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that **26th Annual General Meeting** of **Sitara Energy Limited** will be held at The Institute of Chartered Accountants of Pakistan (**ICAP**) Auditorium Hall, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi on **Saturday, October 29, 2016 at 11:30 a.m.** to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of Extra Ordinary General Meeting held on April 15, 2016.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Company for the year ended June 30, 2016 together with the Reports of Auditors and Directors thereon.
3. To approve payment of Cash Dividend at the rate of 20% (Rs.2/= per share) as recommended by the Board of Directors.
4. To appoint auditors for the year ending June 30, 2017 and to fix their remuneration.

**Special Business:**

5. To approve the following resolution authorizing the company to transmit annual audited financial statements, auditors' report and directors' report etc. ("annual audited accounts") to members through CD/DVD/USB at their registered addresses as allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

   "Resolved that transmission of annual audited financial statements, auditors' report and directors' report etc. ("annual audited accounts") to members at their registered addresses in soft Form i.e. CD/DVD/USB as Notified by SECP Vide its SRO No. 470(I)/2016 dated May 31, 2016 be and is hereby approved"
6. To transact any other ordinary business of the Company with the permission of the Chair.

By Order of the Board
**MAZHAR ALI KHAN**
Company Secretary

**Karachi**
September 26, 2016

**NOTES:**

1. **CLOSURE OF SHARE TRANSFER BOOKS:**

   The share transfer books of the company will remain closed and no transfer of shares will be accepted for registration from October 22, 2016 to October 29, 2016 (both days inclusive). Transfers received in order at the Share Registrar Office of the company by the close of business on October 21, 2016 will be treated in time for the purpose of payment of cash dividend, if approved by the shareholders.

2. **PARTICIPATION IN THE ANNUAL GENERAL MEETING**

   A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend and vote. Proxies in order to be effective must be received at Company's Share Registrar's Office M/s. THK Associates (Pvt) Limited, State Life Building-3, Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi duly stamped and signed not less than 48 hours before the time of meeting.

3. **CDC ACCOUNT HOLDERS WILL HAVE TO FOLLOW FURTHER UNDER MENTIONED GUIDELINES AS LAID DOWN BY THE SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**

a) **For attending the Meeting:**

i) In case of individuals, the account holders or sub-account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate their identity by showing their original Computerized National Identity Card (CNIC), or Original Passport at the time of attending the meeting.

ii) In case of Corporate Entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominees shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

b) **For appointing Proxies:**

i) In case of individuals, the account holders or sub account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirements. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form. The proxies shall produce their original CNIC or original passport at the time of meeting.

ii) In case of corporate entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity, shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the company's registrar.

iii) Form of proxy is attached to the notice of meeting being sent to the members

4. In compliance with the directives issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan and/or Federal Board of Revenue from time to time, members who have not yet provided their dividend mandate information and CNIC and/or NTN number (as the case may be) are requested to kindly provide the same at their earliest as follows:

i) The shareholders who hold company's shares in physical form are requested to submit the above information to the Share Registrar at the address mentioned above.

ii) Shareholders maintaining the shareholdings under Central Depository System (CDS) are advised to submit the above information directly to relevant Participant/CDC Investor Account Service.

5. The audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2016 have been placed at the Company's website.

6. The SECP has initiated e-dividend mechanism through its Notification 8(4)SM/CDC/2008 dated April 05, 2013. In order to avail benefits of e-dividend shareholders are hereby advised to provide details of their bank mandate specifying: (i) title of account, (ii) account number, (iii) bank name, (iv) branch name, code and address to Company's Share Registrar M/s. THK Associates (Pvt.) Ltd. Shareholders who hold shares with Participants / Central Depository Company of Pakistan (CDC) are advised to provide the mandate to the concerned Broker /CDC.

7. The SECP has under and pursuant to SRO No. 787(I)/2014 dated September 8, 2014, permitted companies to circulate their annual balance sheet and profit and loss accounts, auditor's report and directors' report etc ("Annual Report") along with the Notice of Annual General Meeting ("Notice") to its shareholders by email. Shareholders of the Company who wish to receive the Company's Annual Report and notices of Annual General Meeting by email are requested to provide their email addresses to the Company's Share Registrar, M/s. THK Associates (Private) Limited.

8. The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide their SRO 779(1)/2011 dated August 18, 2011, SRO 831(1)2012 of 5TH July 2012, SRO 19(1)/2014 dated January 10, 2014 and SRO 275(1)/2016 dated March 31, 2016 has directed the company to print your CNIC number on your dividend warrants and if your CNIC number is not available in our records, your dividend warrant will not be issued / dispatched to you. In order to comply with the regulatory requirement, you are requested to kindly send photocopy of your CNIC to your Participant / Investor Account Services or (in case of physical shareholding) to Company's Share Registrar, THK Associates (Pvt) Limited.

9. Members are requested to promptly notify any change in their addresses.

***A Statement Under Section 160(1)(b) of the Companies Ordinance, 1984 pertaining to the Special Business is being sent to the shareholders along with this Notice.***

# ستارہ انرجی لمیٹڈ

## سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

ذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ستارہ انرجی لمیٹڈ کا 26واں سالانہ اجلاس عام بمقام انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم ہال، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں بروز ہفتہ 29 اکتوبر 2016 دن 11:30 بجے منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور انجام دیئے جائیں گے:

### عمومی امور:

1- غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 15/اپریل 2016 کی کارروائی کی توثیق۔

2- سال مختتمہ 30 جون 2016 کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹوں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق بشرح 20% (-/2 روپے فی شیئر) نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری دینا۔

4- 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔

### خصوصی امور:

5- درج ذیل قرارداد کی منظوری دینا جسکے ذریعے کمپنی کو آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ (''آڈٹ شدہ سالانہ کھاتوں'') کی بذریعہ CD/DVD/USB انکے رجسٹرڈ پتوں پر جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اجازت دی ہے، ممبران کو ترسیل کرنا۔

''قرار پایا کہ آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ (''آڈٹ شدہ سالانہ کھاتوں'') کی ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر سافٹ فارم یعنی CD/DVD/USB، جیسا کہ بذریعہ SRO نمبر 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016ء SECP نے مطلع کیا ہے، ترسیل کی منظوری دی جائے اور دی جاتی ہے؛''

6- صدر اجلاس کی اجازت سے کمپنی کے دیگر عمومی امور انجام دینا۔

کراچی۔

مورخہ :26 ستمبر 2016ء

حسب الحکم بورڈ

**مظہر علی خان**

کمپنی سیکرٹری

### نوٹ:

**(1) شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22/اکتوبر 2016 سے 29/اکتوبر 2016 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی اور اس عرصہ کے دوران شیئرز کی کسی بھی منتقلی کو رجسٹریشن کے لئے قبول نہیں کیا جائے گا۔ جو منتقلیاں 21/اکتوبر 2016 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میں باضابطہ موصول ہونگی انہیں حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کے مقصد کے لئے بروقت سمجھا جائے گا بشرطیکہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے اس کی منظوری دیدی گئی ہو۔

**(2) سالانہ اجلاس عام میں شرکت**

کوئی بھی ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے وہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے فرد کو بطور اپنا پراکسی مقرر کرنے کا/کی حقدار ہے۔ پراکسیوں کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ اسٹیٹ لائف بلڈنگ -3 ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کراچی میں موصول ہوجائیں جو باقاعدہ مہر شدہ اور دستخط شدہ ہوں۔

**(3) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے طے کردہ مندرجہ ذیل گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کرنا ہوگا:**

**اے۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات بمطابق CDC ریگولیشنز اپ لوڈیڈ ہیں انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرانا ہوگی۔

(ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کا نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا (تاوقتیکہ اسے پہلے پیش کیا گیا ہو)۔

**بی۔ برائے تقرر پراکسیز:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات بمطابق CDC ریگولیشنز اپ لوڈ ہیں انہیں مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم پیش کرنا ہوگا۔ پراکسی فارم کی دو اشخاص گواہی دینگے جنکے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔ بینی فیشل مالکان کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول اور پراکسی، پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں۔ پراکسیز اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے۔

(ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی کرنے اور ووٹ دینے کیلئے نامزد کردہ شخص کا نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار کو پیش کرنا ہوگا (تاوقتیکہ اسے پہلے پیش کیا گیا ہو)۔

(iii) پراکسی کا فارم اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے جو ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔

(4) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور/ یا فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایت کی پیروی میں وہ ممبران جنہوں نے تاحال اپنی ڈیویڈنڈ مینڈیٹ معلومات اور CNIC اور/ یا NTN نمبر فراہم نہیں کیا (جو بھی صورت ہو) سے التماس ہے کہ وہ انہیں بمطابق ذیل فراہم کریں۔

(i) شیئر ہولڈر جو کمپنی کے شیئرز فزیکلی رکھتے ہیں، سے التماس ہے کہ مندرجہ بالا معلومات کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس درج بالا پر جمع کرائیں۔

(ii) شیئر ہولڈرز جو اپنی شیئر ہولڈنگ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت میںٹین کرتے ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ پارٹیسپنٹ/ CDC انوسٹر اکاؤنٹ سروس میں جمع کرائیں۔

(5) سال مختتمہ 30 جون 2016 کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کردیئے گئے ہیں۔

(6) SECP نے بذریعہ اس کے نوٹیفکیشن 8(4)SM/CDC/2008 مورخہ 5 اپریل 2013، e-dividend کا آغاز کردیا ہے۔ e-dividend سے استفادہ کیلئے شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات جس میں (i) ٹائٹل آف اکاؤنٹ (ii) اکاؤنٹ نمبر (iii) بینک کا نام (iv) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ درج ہو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ شیئر ہولڈرز جو پارٹیسپنٹس/ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) کے پاس شیئرز کے حامل ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ متعلقہ بروکر/ CDC کو مینڈیٹ فراہم کریں۔

(7) SECP نے ایس آر او نمبر 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت اور پیروی میں کمپنیز کو بذریعہ ای میل شیئر ہولڈرز کو سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع نقصان کے اکاؤنٹس، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ ("Annual Report") مع سالانہ اجلاس عام کی اطلاع ("Notice") ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹسز بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہاں ہیں، سے التماس کیا جاتا ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔

(8) دی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے بذریعہ SRO 779(1)/2011 مورخہ 18 اگست 2011، SRO 831(1)/2012 مورخہ 5 جولائی 2012، SRO 19(1)/2014 مورخہ 10 جنوری 2014 اور SRO 275(1)/2016 مورخہ 31 مارچ 2016 کمپنی کو ہدایات دی ہیں کہ وہ آپ کے CNIC نمبر آپ کے ڈیویڈنڈ وارنٹس پر شائع کریں اور اگر آپ کا CNIC نمبر ہمارے ریکارڈ میں موجود نہ ہوا تو آپ کو ڈیویڈنڈ وارنٹ جاری/ ارسال نہیں کیا جائیگا۔ ان قواعد کے مطلوبات کی تعمیل کی غرض سے آپ سے التماس ہے کہ اپنے CNIC کی نقل اپنے پارٹیسپنٹ/ انوسٹر اکاؤنٹ سروسز یا (فزیکلی شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو بھیج دیں۔

(9) ممبرز سے التماس ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی سے فوری طور پر آگاہ کریں۔

**کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 160(1)(b) بضمن خصوصی امور کے تحت ایک اسٹیٹمنٹ نوٹس ہذا کے ہمراہ شیئر ہولڈرز کو بھیجی جارہی ہے۔**